PhD (Islamic Studies)/E.T/May 2019

| دستخط نگران کار | | Booklet Serial No. |
|---|---|---|

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اسلامک اسٹڈیز) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2019

## PhD (Islamic Studies) Entrance Test - 2019

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔ آخر کے دو صفحات Rough Work کے لیے ہیں۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

PhD (Islamic Studies)/E.T/May 2019

## (Part A) حصہ اول

## Research Methodology

1۔ ذیل میں سے کون ریسرچ میں داخل ہے؟

(A) تصنیف کتاب (B) جمع وترتیب

(C) طباعت واشاعت (D) ان میں سے کوئی نہیں

2۔ اپنی فکر کو مدلل طریقے پر پیش کرنا کیا ہے؟

(A) معیاری تحقیق ہے (B) قابل قبول تحقیق ہے

(C) تحقیق کے خلاف ہے (D) تحقیق کا تقاضا ہے

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) اسلامک اسٹڈیز اور دینیات میں کوئی فرق نہیں ہے (B) اسلامک اسٹڈیز کا تصور واضح نہیں ہے

(C) اسلامک اسٹڈیز کی عصری معنویت مفقود ہے (D) اسلامک اسٹڈیز کے موضوع پر از سر نو غور کی ضرورت ہے

4۔ ذیل میں سے کون بے جوڑ ہے؟

(A) معاشیات۔تورق (B) اخلاقی مسائل۔ابن مسکویہ

(C) سائنسی مسائل۔ابن جریر (D) فقہی مسائل۔ابن رشد

5۔ ذیل میں سے کون اسلامک اسٹڈیز کے لئے مشہور لائبریری ہے:

(A) سید حامد لائبریری حیدرآباد (B) آصفیہ لائبریری حیدرآباد

(C) امین الدولہ لائبریری لکھنؤ (D) ان میں کوئی نہیں

6۔ ریسرچ کا اصل مقصد کیا ہے؟

(A) پرانے کاموں پر تنقید کرنا (B) نئے کاموں کی نشاندہی کرنا

(C) بکھرے کاموں کو یکجا کرنا (D) علم کے سفر کو آگے بڑھانا

7۔ اسلامک اسٹڈیز میں حوالہ کے لئے کون سا فارمٹ استعمال کیا جاتا ہے؟

(A) MAL (B) TCMS

(C) APA (D) یہ تینوں

8۔ حوالہ جات درج کرنے کے لئے صحیح جگہ ہے؟

(A) مقالہ کا آخری حصہ
(B) باب کا آخری حصہ
(C) صفحہ کا نچلا حصہ
(D) ان میں سے کوئی بھی

9۔ اسلامک اسٹڈیز میں تحقیق کی نوعیت عموماً ہوتی ہے :

(A) تاریخی وتجزیاتی
(B) میدانی وعملی
(C) تدوینی وترتیبی
(D) نظرثانی وتصحیحی

10۔ تحقیق اس بات کا نام ہے کہ؟

(A) اپنی رائے کو مدلل کیا جائے
(B) دوسرے کی رائے کی تردید کی جائے
(C) اپنی جماعت کی تائید کی جائے
(D) غیر جانبدار رہا جائے

11۔ ذیل میں سے کون صحیح ہے؟

(A) قرآن کی شرح حدیث ہے
(B) اجتہاد کی بنیاد قرآن ہے
(C) حدیث کا متن قرآن ہے
(D) تینوں صحیح ہے

12۔ رابطہ ادب اسلامی کہاں واقع ہے؟

(A) ہندوستان میں
(B) سعودی عرب میں
(C) مصر میں
(D) پہلا اور دوسرا

13۔ ہندوستان میں اسلامک اسٹڈیز کا شعبہ پہلے کہاں قائم ہوا؟

(A) عثمانیہ یونیورسٹی میں
(B) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں
(C) کشمیر یونیورسٹی میں
(D) جامعہ ملیہ اسلامیہ میں

14۔ سماجی علوم کے اندر ریسرچ کے لئے ضروری ہے کہ؟

(A) کسی نظریہ کی تائید میں دلائل فراہم کئے جائے
(B) کسی نظریہ کی تردید میں دلائل فراہم کئے جائیں
(C) کسی نئے نظریہ کی تخلیق کی جائے
(D) کسی نظریہ کا بہترین تجزیہ کیا جائے

15۔ ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(A) تصوف کا موضوع ابتدائے اسلام میں موجود نہیں تھا
(B) فلسفہ کا موضوع اسلام میں درآمد شدہ ہے
(C) اسماء الرجال فن حدیث کا ایک موضوع ہے
(D) سارے درست ہیں

16۔ ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے؟

(A) اسلامک اسٹڈیز کے موضوعات پر ریسرچ کی شدید ضرورت ہے

(B) اسلامک اسٹڈیز کے موضوعات پر اہل مغرب نے بہت ریسرچ کی ہے

(C) اسلامک اسٹڈیز کے موضوعات پر مسلمانوں نے کافی ریسرچ کی ہے

(D) اسلامک اسٹڈیز کے موضوعات پر ریسرچ کی ضرورت نہیں ہے

17۔ ریسرچ میں حواشی اور حوالے کیا حیثیت رکھتے ہیں؟

(A) ضروری نہیں ہیں　(B) بسا اوقات ضروری ہیں

(C) لازمی اور ضروری ہیں　(D) اختیاری ہیں

18۔ قرآن میں حضرت زید کا نام کس سورہ میں استعمال ہوا ہے؟

(A) احزاب　(B) محمد

(C) توبہ　(D) قصص

19۔ اللہ کے نام ایک ساتھ زیادہ سے زیادہ کس سورت میں بیان ہوئے ہیں؟

(A) بقرہ　(B) حشر

(C) انبیاء　(D) نور

20 بہمنی حکومت کے زوال کے بعد کتنی حکومتیں قائم ہوئی تھیں۔

(A) تین حکومتیں　(B) چار حکومتیں

(C) پانچ حکومتیں　(D) چھ حکومتیں

21 منشی نول کشور کا مطبع کس شہر میں قائم ہوا تھا

(A) لکھنؤ　(B) دہلی

(C) بمبی　(D) لاہور

22 مشہور ہندو نعت گو شاعر مہاراجہ کشن پرشاد کا تعلق کس شہر سے تھا؟

(A) لکھنؤ　(B) دہلی

(C) حیدرآباد　(D) کلکتہ

23 شاہ ولی اللہ کے نزدیک علوم قرآنی کی کتنی اقسام ہیں؟

(A) پانچ　(B) چار

(C) تین　(D) چھے

24 ہندوستان میں امارت شرعیہ کا نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟

(A) مولانا آزاد　(B) مولانا محمد سجاد

(C) مولانا منت اللہ　(D) مولانا حسین احمد مدنی

25 ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے؟

(A) قرآن کی نزولی ترتیب موجودہ ترتیب سے الگ ہے۔　(B) قرآن مستند ہے، جبکہ حدیث مستند نہیں ہے۔

(C) قرآن کے پاروں اور رکوع کی تقسیم بعد کی پیداوار ہے۔　(D) قرآن کا ترجمہ قرآن سے علاحدہ تصور کیا جاتا ہے۔

26 ابن الہیثم کس فن کے لئے مشہور ہیں؟

(A) کیمیا　(B) حیوانیات

(C) بصریات　(D) سرجری

27 غزنوی حکومت کے بعد ذیل میں سے کون سی حکومت قائم ہوئی؟

(A) غوری　(B) تیموری

(C) صفوی　(D) سلجوقی

28 ذوالقرنین کا ذکر قرآن کے کس پارہ میں ہے؟

(A) پارہ تیس　(B) پارہ انتیس

(C) پارہ سولہ　(D) پارہ سترہ

29 شیر شاہ کا تعلق کس حکومت سے تھا؟

(A) شرقی حکومت سے　(B) لودی حکومت سے

(C) سوری حکومت سے　(D) بہمنی حکومت سے

30 التتمش کس بادشاہ کا غلام تھا؟

(A) بلبن کا　(B) خلجی کا

(C) قطب الدین کا　(D) غیاث الدین تغلق کا

31 ان میں سے درست تاریخی ترتیب کون ہے؟

(A) علی ہجویری، معین الدین چشتی، فرید الدین بختیار، نصیر الدین چراغ

(B) معین الدین چشتی، علی ہجویری، فرید الدین بختیار، نصیر الدین چراغ

(C) معین الدین چشتی، علی ہجویری، نصیر الدین چراغ، فرید الدین بختیار

(D) علی ہجویری، معین الدین چشتی، نصیر الدین چراغ، فرید الدین بختیار

32 زادالمعاد کس فن کی کتاب ہے؟

(A) تصوف (B) حدیث

(C) ادب (D) سیرت

33 'کشف المحجوب' کے مصنف کون ہیں؟

(A) ابوالقاسم قشیری (B) حارث محاسبی

(C) علی ہجویری (D) عبدالرحمٰن سلمی

34 فاطمی حکومت کا مرکز کہاں تھا؟

(A) ایران میں (B) مصر میں

(C) افریقہ میں (D) خراسان میں

35 شاہ ولی اللہ کی کتاب عقدالجید کس موضوع سے متعلق ہے؟

(A) اصول فقہ (B) اختلاف فقہی

(C) دونوں (D) کوئی بھی نہیں

36 جزیرۃ العرب کے مغرب میں کون سا سمندر واقع ہے؟

(A) بحر احمر (B) بحر ہند

(C) بحر عرب (D) بحر فارس

37 شہر استنبول کس براعظم میں واقع ہے؟

(A) افریقہ میں (B) یورپ میں

(C) ایشیا میں (D) دوسرا اور تیسرا دونوں

38 شہر فلسطین کس خلیفہ کے عہد میں فتح ہوا تھا؟

(A) حضرت عمر فاروقؓ (B) حضرت عثمان غنیؓ

(C) حضرت علی مرتضیٰؓ (D) حضرت معاویہؓ

39 حضرت معاذؓ کو کس جگہ کا گورنر بنا کر بھیجا گیا تھا؟

(A) یمن کا (B) شام کا

(C) کوفہ کا (D) مکہ کا

40 عہد نبوی کے اندر مسجد نبوی میں قیام کرنے والا عیسائی وفد کہاں سے آیا تھا؟

(A) بصری سے (B) روم سے

(C) نجران سے (D) یمن سے

41 ابن العربی کا تعلق کس شہر سے تھا؟

(A) مدینہ منورہ (B) شام

(C) مصر (D) ہندوستان

42 الغیاثی کتاب کے مصنف کون ہیں؟

(A) امام الحرمین جوینی (B) امام غزالی

(C) امام ابن شہبہ (D) عزالدین عبدالسلام

43 ان میں سے کون ابن تیمیہ کی تصنیف نہیں ہے؟

(A) مجموع الفتاوی (B) اقتضاء الصراط المستقیم

(C) اعلام الموقعین (D) الصارم المسلول

44 ذیل میں سے کون سا فقہی مسلک ابھی موجود نہیں ہے؟

(A) اباضی (B) زیدی

(C) ظاہری (D) حنبلی

45 امام جعفر صادق اہل تشیع کے نزدیک کون سے امام ہیں؟

(A) ساتویں امام (B) چھٹے امام

(C) پانچویں امام (D) بارہویں امام

46 عام الحزن کون سا برس کہلاتا ہے؟

(A) ہجرت مدینہ کا سال (B) ہجرت حبشہ کا سال

(C) وفات خدیجہ کا سال (D) وفات عبدالمطلب کا سال

47 جماعت اسلامی کی بنیاد کس سنہ میں ڈالی گئی؟

(A) 1941 (B) 1945

(C) 1902 (D) 1050

48 چچ نامہ کس موضوع سے متعلق ہے؟

(A) شاعری
(B) بلاغت
(C) سندھ کی تاریخ
(D) بنگال کی تاریخ

49 تاریخ فرشتہ اصلا کس زبان میں لکھی گئی؟

(A) عربی میں
(B) فارسی میں
(C) اردو میں
(D) ترکی میں

50 دارالمصنفین کے بانی کون ہیں؟

(A) علامہ شبلی نعمانی
(B) علامہ سید سلیمان ندوی
(C) مولانا سعید احمد اکبرآبادی
(D) مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی

## حصہ دوم (Part- B)

51 المسوی کس کی تصنیف ہے؟

(A) شاہ ولی اللہ
(B) شاہ عبدالعزیز
(C) ابو یوسف
(D) ابن سحنون

52 ابن الجوزی کا تعلق کس شہر سے ہے؟

(A) کوفہ
(B) شام
(C) بغداد
(D) بصرہ

53 ان میں سے صحیح تاریخی ترتیب کیا ہے؟

I۔ ابن الجوزی۔عزالدین۔احمد سرہندی۔ولی اللہ
II۔ عزالدین۔ابن الجوزی۔احمد سرہندی۔ولی اللہ
III۔ احمد سرہندی۔عزالدین۔ابن الجوزی۔ولی اللہ
IV۔ ولی اللہ۔عزالدین۔ابن الجوزی۔احمد سرہندی

(A) I
(B) II
(C) III
(D) IV

54 ان میں سے کس کا تعلق فتنہ خلق قرآن سے نہیں ہے؟

(A) احمد بن حنبل (B) خلیفہ متوکل

(C) خلیفہ منصور (D) احمد بن ابی داؤد

55 منزلہ بین المنزلتین کس فرقہ کے عقیدہ کا حصہ رہا ہے؟

(A) فرقہ جبریہ (B) فرقہ معتزلہ

(C) اسماعیلیہ (D) اثناعشریہ

56 ماتریدیہ کس شخصیت کی طرف منسوب ہوتے ہیں؟

(A) ابومنصور (B) ابوالحسن

(C) حسن بصری (D) ابوحامد غزالی

57 'اقتضاء الصراط المستقیم کے مصنف کون ہیں؟

(A) عزالدین بن عبدالسلام (B) ابن القیم جوزی

(C) ابن تیمیہ (D) ابن حجر

58 ذیل میں سے کون سی کتاب امام غزالی کی تصنیف نہیں ہے؟

(A) البیان (B) الوسیط

(C) المستصفی (D) المنخول

59 حضرت طلحہ کی شہادت کس جنگ سے متعلق ہے؟

(A) جنگ صفین (B) جنگ جمل

(C) جنگ حروراء (D) جنگ قادسیہ

60 ملا ہادی سبزواری کا تعلق کس فن سے ہے؟

(A) طب (B) منطق

(C) فلسفہ (D) ہیئت

61 ڈاکٹر فضل الرحمٰن کس ادارہ سے منسلک رہے؟

(A) تحقیقات ونشریات اسلام (B) ادارہ تحقیقات اسلامی

(C) رابطہ عالم اسلامی (D) دارالمصنفین

62 ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا تعلق ان میں سے کس سے نہیں ہے؟

(A) فرانس (B) ہندوستان

(C) امریکہ (D) برطانیہ

63 'سال کا ہر مہینہ محرم ہے اور مہینے کا ہر دن عاشور ہے' کس کا جملہ ہے؟

(A) علامہ خمینی (B) علی شریعتی

(C) آیت اللہ خامنہ ای (D) علی مطہری

64 الاخوان المسلمون کی تاسیس کہاں ہوئی؟

(A) سعودی عرب میں (B) سوڈان میں

(C) شام میں (D) مصر میں

65 ان میں سے کس کا کس سے کیا تعلق ہے؟

مالک، ابوحنیفہ، شافعی، احمد بن حنبل

(A) ہر بعد والا پہلے کا شاگرد ہے (B) دوسرا پہلے کا معاصر اور چوتھا تیسرے کا شاگرد ہے

(C) تیسرا پہلے کا شاگرد اور پہلا دوسرے کا استاذ ہے (D) کوئی جواب درست نہیں ہے

66 درج ذیل میں صحیح تاریخی ترتیب بتایئے؟

(A) حسن بصری، عمر بن عبدالعزیز، احمد بن حنبل، امام الحرمین جوینی (B) محمد بن اسماعیل بخاری، محمد بن حسن شیبانی، ابن القاسم، ابن جریر طبری

(C) جنید بغدادی، عبدالقادر جیلانی، معروف کرخی، علی ہجویری (D) ابن ابی شیبہ، ابوداؤد، ابن ماجہ، مسلم بن حجاج

67 پان اسلامزم کا نظریہ کس نے پیش کیا؟

(A) عبدالرحمٰن کواکبی (B) جمال الدین افغانی

(C) حسن البنا (D) محمد عبدہ

68 'تنظیم اسلامی کانفرنس' کیا ہے؟

(A) عالم اسلام کی مشترکہ تنظیم (B) امریکن مسلمس کی تنظیم

(C) ہندوستانی مسلمانوں کی تنظیم (D) سعودی عرب کی تنظیم

69 نورسی تحریک کا تعلق کس ملک سے ہے؟

(A) الجزائر (B) مصر

(C) ترکی (D) مراکش

70 جمعیت محمدیہ تنظیم کس ملک میں قائم ہے؟

(A) ملائیشیا
(B) انڈونیشیا
(C) تیونس
(D) یمن

71 بخارا شہر کہاں واقع ہے؟

(A) افغانستان میں
(B) تاجکستان میں
(C) ازبکستان میں
(D) ایران میں

72 ماوراءالنہر کا علاقہ کہاں پایا جاتا ہے؟

(A) افغانستان میں
(B) ایران میں
(C) ازبکستان میں
(D) پاکستان میں

73 نہضۃ العلماء کا تعلق کس ملک سے ہے؟

(A) انڈونیشیا
(B) ملائیشیا
(C) انڈیا
(D) سعودی عرب

74 ان میں بے جوڑ کون ہے؟

(A) بلاذری۔جغرافیہ
(B) ابن جریر۔فقہ
(C) ابن فارض۔فلسفہ
(D) ابن حوقل۔تاریخ

75 امیر البیان کس کا لقب ہے؟

(A) عبدالرحمان کواکبی
(B) جمال الدین افغانی
(C) محمد عبدہ
(D) شکیب ارسلان

76 ان میں سے کس کا تعلق فرائضی تحریک سے ہے؟

(A) ددومیاں
(B) عبیداللہ سندھی
(C) کبیرداس
(D) محمد علی

77 الواضحہ کس فقہی مسلک کی کتاب ہے؟

(A) فقہ مالکی
(B) فقہ ظاہری
(C) فقہ حنبلی
(D) فقہ طبری

78 موسیٰ بن نصیر کو کس خلیفہ نے منتقمانہ سزا دی؟

(A) سلیمان بن عبدالملک (B) ولید بن عبدالملک

(C) یزید بن عبدالملک (D) عبدالملک بن مروان

79 مامون الرشید نے کس شہر کو دارالحکومت بنایا تھا؟

(A) سامرا (B) کوفہ

(C) دمشق (D) مرو

80 جنگ جمل کس مقام پر پیش آئی؟

(A) بصرہ (B) شام

(C) کوفہ (D) مدینہ

81 دریائے نیل کو بحر قلزم سے ملانے والی نہر کس نے تعمیر کروائی تھی؟

(A) عثمان بن عفانؓ (B) معاویہ بن ابوسفیانؓ

(C) ہارون الرشید (D) عمر فاروقؓ

82 قیروان شہر کس کے زمانے میں تعمیر ہوئی تھی؟

(A) ولید بن عبدالملک (B) ہارون الرشید

(C) امیر معاویہؓ (D) عمر فاروقؓ

83 یمن کے دارالحکومت کا کیا نام ہے؟

(A) بحرین (B) صنعاء

(C) دار بیضاء (D) اسکندریہ

84 سائیکس۔ پیکو معاہدہ کن ممالک کے درمیان ہوا تھا؟

(A) امریکہ اور مصر (B) مصر اور برطانیہ

(C) برطانیہ اور فرانس (D) فرانس اور جرمنی

85 معاہدہ بالفور کس بات سے متعلق ہے؟

(A) ترکی کی تقسیم سے متعلق (B) مصر پر قبضہ سے متعلق

(C) ہندوستان پر قبضہ سے متعلق (D) فلسطین پر قبضہ سے متعلق

86 ہنری میکموہن کے مراسلات کس سے اور کس سلسلہ میں ہوئے؟

(A) عرب کی تقسیم کے لئے ترکی سے ہوئے
(B) ترکی سے بغاوت کے لئے عرب سے ہوئے
(C) آزادی کے نام پر شریف مکہ سے ہوئے
(D) عثمانی سلطنت کے تقسیم کے لئے لارنس آف عربیہ سے ہوئے

87 خلافت عثمانیہ کے خاتمہ کے لئے کیا جانے والا معاہدہ کیا کہلاتا ہے؟

(A) معاہدہ لوزان
(B) معاہدہ سیورے
(C) معاہدہ بالفور
(D) عرب برطانیہ معاہدہ

88 استعماری قبضہ کے تحت ملک شام پر کس ملک نے قبضہ کیا؟

(A) برطانیہ
(B) روس
(C) اٹلی
(D) فرانس

89 کتاب خطط الشام کے مصنف کون ہیں؟

(A) محمد کرد علی
(B) عبداللہ دراز
(C) ابن جوزی
(D) ابن شہبہ

90 مشہور کتب خانہ 'دار الکتب الظاہریہ' کس ملک میں واقع ہے؟

(A) مصر
(B) شام
(C) فلسطین
(D) سعودی عرب

91 ہلال زرخیز میں کون سا ملک شامل نہیں ہے؟

(A) اردن
(B) عراق
(C) ایران
(D) اسرائیل

92 سنوسی تحریک نے کس ملک میں فروغ پایا؟

(A) لیبیا
(B) مراکش
(C) مصر
(D) تیونس

93 'حقوق انسانی' کے اسلامی منشور کا اعلامیہ قاہرہ کب جاری کیا گیا؟

(A) 1950
(B) 1990
(C) 1948
(D) 1992

94 فلسطین کا پہلا انتفاضہ کب شروع ہوا؟

(A) 1987 (B) 1990

(C) 2000 (D) 2001

95 شیخ شامل نقشبندی کی تحریک کس ملک میں جاری رہی؟

(A) افغانستان (B) ترکی

(C) ترکستان (D) داغستان

96 تابونگ حاجی کس ملک میں قائم ہے؟

(A) انڈونیشیا (B) ملیشیا

(C) برونئی (D) مالدیپ

97 ان میں سے کون شطحات کے لئے معروف نہیں ہیں؟

(A) بسطامی (B) حلاج

(C) شبلی (D) جنید

98 شیخ حمیدالدین ناگوری کس کے خلیفہ ہیں؟

(A) معین الدین چشتی (B) قطب الدین بختیار کاکی

(C) نظام الدین اولیاء (D) کسی کے نہیں

99 'سلسلہ مداریہ' کی نسبت کس کی جانب ہے؟

(A) شاہ نجم الدین کبری (B) شاہ بدیع الدین

(C) شیخ عبداللہ (D) شیخ گدائی

100 بزرگ بن شہریار کی کتاب کا نام کیا ہے؟

(A) کتاب الہند (B) تاریخ الہند

(C) عجائب الہند (D) مسالک الہند

☆☆☆

**Rough Work**

**Rough Work**